## سوال

(372) داعی کی صفات

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اللہ تعالیٰ کے دین کی طرف دعوت دینے والے کی آپ کی نظر میں کیا صفات ہونی چاہییں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اسے علم حاصل کرنے کا شائق ہونا چاہیے' ادلہ شرعیہ کے پہچاننے میں کوشش کرے' مقدور بھر طاقت کے مطابق لوگوں کی توحید' اس کی شریعت کے اتباع اور امر ونہی کے مطابق عمل کی دعوت دے اور جس چیز کی دعوت دے پہلے خود اس پر عمل کرے اور اپنے آپ پر احکام شریعت نافذ کرنے میں خوب محنت کرے تاکہ اپنے اقوال' اعمال اور اپنے سیرت واخلاق سے اللہ تعالیٰ کے دین کا سچا داعی بن جائے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ اسلامیہ

## ج4ص298

محدث فتویٰ